01/2022

# School of Unani Medical Education and Research

## Jamia Hamdard - 110062

## Annual Examination (2022) BUMS II year

## Paper No.& Title : BUM-201 (TAREEKH-e-Tib)

**Time Allowed:03 Hours** **Maximum Marks:75**

## Section A

**Attempt any ten(10) questions MCQs (10x1=10)**

اس سیکشن سے دس سوالات کے جوابات دیجیے۔ ہر سوال ایک نمبر کا ہے۔

i۔ کتاب الکلیات فی الطب کا مصنف کون ہے؟

(۱) ابن رشد (۲) ابن طفیل (۳) ابن باجہ (۴) ابن سینا

ii۔ درج ذیل کتابوں میں سے کون سی کتاب علی بن عباس مجوسی کی ہے؟

(۱) کامل الصناعۃ (۲) کتاب الارشاد (۳) کتاب المختارات (۴) کتاب الحاوی

iii۔ درج ذیل میں سے کون مؤرخ طب ہے؟

(۱) اسماعیل جرجانی (۲) ابن بیطار (۳) ابن ابی اصیبعہ (۴) ابوالقاسم زہراوی

iv۔ کتاب المائۃ فی الطب کس کی تصنیف ہے؟

(۱) ثابت بن قرۃ (۲) خالد بن یزید (۳) ابن رشد (۴) ابوسہل مسیحی

v۔ درج ذیل میں سے کون سا طبیب اندلس کا ہے؟

(۱) داؤدانطاکی (۲) زہراوی (۳) ابن ہبل (۴) علی بن عباس مجوسی

vi۔ درج ذیل میں سے کون سی کتاب فارسی زبان میں ہے؟

(۱) فردوس الحکمۃ (۲) ذخیرہ خوارزم شاہی (۳) جامع المفردات (۴) کتاب الفصول

vii۔ مدرسہ جندی شاپور کس ملک میں تھا؟

(۱) مصر (۲) ایران (۳) اندلس (۴) ان میں سے کوئی نہیں۔

viii۔ خالد بن یزید کی شہرت کس فن میں تھی؟

(۱) طب (۲) امراض چشم (۳) کیمیا (۴) جراحت

ix۔ کتاب المنصوری فی الطب کا مصنف کون ہے؟

(۱) طبری (۲) حنین (۳) ابن سینا (۴) رازی

x۔ دوران خون ریوی (Pulmonary Blood Circulation) کا موجد کون ہے؟

(۱) جالینوس (۲) حنین (۳) ابن نفیس (۴) ابن الہیثم

xi۔ ابوالطب (Father of Medicine) کس کو کہا جاتا ہے؟

(۱) بقراط (۲) اسقلی بوس (۳) دیسقوریدوس (۴) جالینوس

02/2022

## Section B

### Attempt five(5) questions from this section. (5x2=10)

اس سیکشن سے پانچ سوالات کے جوابات دیجیے۔ ہر سوال دو نمبر کا ہے۔

i۔ چیچک اور خسرہ کے موضوع پر رازی کی کتاب کا نام لکھیے۔

ii۔ کتاب التصریف لمن عجز عن التالیف کس کی تصنیف ہے؟

iii۔ تذکرۃ الکحالین میں کن امراض کا بیان ہے؟

vi۔ امراض قلب سے متعلق دواؤں پر ابن سینا کی کتاب کا کیا نام ہے؟

v۔ بیت الحکمت کس شہر میں قائم کیا گیا تھا؟

vi۔ ابن سینا کی کتاب القانون فی الطب کی کتنی جلدیں ہیں؟

## Section C

### Attempt all questions from this section. (5x5=25)

### 50 to 100 words for each answer

اس سیکشن کے تمام سوالات کے جوابات دیجیے۔ ہر سوال پانچ نمبر کا ہے۔ ہر جواب پچاس سے سو الفاظ پر مشتمل ہو۔

i۔ طب نبوی سے کیا مراد ہے؟ اس موضوع کی کسی کتاب کا نام بتائیے؟

ii۔ حکیم عبدالحمید کی طبی خدمات پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

iii۔ القانون فی الطب کی کسی ایک شرح اور شارح کا تعارف کرائیے۔

iv۔ عہد اموی کے کسی ایک طبیب کا تعارف کرائیے۔

v۔ حکیم اجمل خاں نے طب میں اعلیٰ تحقیق کے لیے کیا کام کیا تھا؟

## Section D

### Attempt three(3) questions from this section. (3x10=30)

### 100 to 200 words for each answer

اس سیکشن سے تین سوالات کے جوابات دیجیے۔ ہر سوال دس نمبر کا ہے۔ ہر جواب سو سے دو سو الفاظ پر مشتمل ہو۔

i۔ مغلیہ عہد کے کسی طبیب کا تعارف کرائیے اور اس کی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

ii۔ ابو بکر محمد بن زکریا رازی کی تین طبی تصانیف کے نام لکھیے اور ان میں سے ایک کا تفصیلی تعارف کرائیے۔

iii۔ معاہدۂ بقراطیہ کیا تھا؟ اس پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔

iv۔ مرکزی کونسل برائے تحقیقات طب یونانی (CCRUM) کا تعارف کرائیے اور اس کی سرگرمیوں پر مختصر روشنی ڈالیے۔

☆☆☆